APPENDIX I.

Specimens of the commonest Urdu metres, for practice in scansion :

گُلون نے کپڑے پھاڑے ھین قبائے یار پر کیا کیا
حِنا پس پس گئی ھے دست و پائے یار پر کیا کیا

خدا بخشے صنم یہہ کہکے مجھکو یاد کرتے ھین
دُعائے مغفرت میرے لئے جلاد کرتے ھین

وُھی چتون کی خونخواری جو آگے تھی سو اب بھی ھے
تیری آنکھون کی بیماری جو آگے تھی سو اب بھی ھے

بہار لالہ و گل سے لگی ھے آگ گُلشن مین
گریبان پھاڑ کر چل بیٹھئے صحرا کے دامن مین

تماشائے چمن سے سیر کوئے یار بہتر ھے
گل و سنبل سے یان خار و خسِ دیوار بہتر ھے

تمہین تقصیر اوس بُت کی کہ ھے میری خطا لگتی
مسلمانو ذرا انصاف سے کہیو خُدا لگتی

کسی بیکس کو ائے بیداد گر مارا تو کیا مارا
جو آپھی مر رھا ھو اسکو گر مارا تو کیا مارا

خلافِ وعدہ سے مین تیرے کل تو جان بلب آیا
نہ آیا آج بھی گر تو تو ھے ظالم غضب آیا

تیرے کُوچے وہ بیمارِ غم دارِ الشفا سمجھے
اجل کو جو طبیب اور مَرگ کو اپنی دوا سمجھے

ھے دِل مین غُبار اوسکے گھر اپنا نکرینگے
ھم خاک مین مِلنے کی تمنا نکرینگے
کیونکر یہہ کہین منتِ اَعدا نکرینگے
کیا کیا نکیا عشق مین کیا کیا نکرینگے

هَنس هَنس کے وہ مُجھسے هی میری قتل کی باتین
اِس طرح سے کرتے هین کہ گویا نکرینگے

کیا نامہ مین لکھون دلِ وابستۂ احوال
معلوم ھے پہلے ھی کہ وہ وا نکرینگے

غیرون سے شکر لَب سخنِ تلخ بھی تیرا
ھرچند ھلاھَل ھو گوارا نکرینگے

بیمارِ اجل چارہ کو گر حضرتِ عیسیٰ
اچھا بھی کرینگے تو کچھہ اچھا نکرینگے

پھونچا آبِ تیغ قاتِل تا بہ سر اچھا ھُوا
ائے دلِ مجروح لے تو غسل کر اچھا ھوا

ایکدن بالکل نہ مین ائے چارہ گر اچھا ھوا
داغ اِدھر تازہ ھوا گر زخم اُدھر اچھا ھوا

کم نہو اِس آبِ خنجر کي الهي آبرو
آج مدت مین همارا حلقِ تر اچها هوا

آ رهيگا دشت مین لیلی ترے ناقے کے کام
هوگیا مجنون جو کانتا ٹهوکهکر اچها هوا

روز کهتا تها مزا مجهکو چکهادے عشق کا
بهردیا نون اوسنے دِل کو چیر کر اچها هوا

سُنکے مجنون نے مرے شُورِ جُنون کو یون کها
واقعئي مجهه سے بهي یه شوریده سَر اچها هوا

کیا غرض لاکهه خُدائي مین هون دولت والے
اُن کا بنده هون جو بندے هین محبت والے

رهے جُون شیشۀ ساعت وه مُکدّر دونون
کبهي مِل بهي گئے دو دل جو کَدورت والے

کِس مرض کي هین دوا یهه لبِ جان بخش ترے
جان بلب هین تیرے آزارِ محبت والے

حرص کے پهیلتے هین پاؤن بقدرِ وُسعت
تنگ هي رهتے هین دنیا مین فراغت والے

هائے رے حسرتِ دیدار میري هائے کو بهي
لکهتے هین هائے دوچشمي سے کتابت والے

نهین جُز شمع مُجاوِر مرے بالینِ مزار
نهین جُز کثرتِ پروانه زیارت والے

کون اُٹهائیگا تمهاري یهه جفا میرے بعد
یاد آئیگي بهت میري وفا میرے بعد

هون وه نالان که هے اِتنے لئے مرنے کی خوشي
چین سے سوئیگي سب خلقِ خدا میرے بعد

جتنا جي چاهے بلاؤن مین پهنسالو مجهکو
کوئي پاؤگے نه مشتاقِ بَلا میرے بعد

هے وصیت میري مرقد پہ یهه لکهدین احباب
که کرے کوئي کسي سے نه وفا میرے بعد

شُکر هے کچهه تو محبت مین هُوا رنگِ اثر
تین دن اوسنے لگائي نه حنا میرے بعد

کون باتون مین هے یون دل کا جلانے والا
گُل هوئي شمع مزارِ شُهدا میرے بعد

شمشیر هے سنان هے کسے دون کسے نه دون
اِک جانِ ناتوان هے کسے دون کسے نه دون

مهمان اِدهر هُما هے اُدهر هے سگِ حبیب
اِک مُشتِ اوستخوان هے کسے دون کسے نه دون

عشقِ بتان سے هاتهه نه مرکر اوٹهائے
جبتک اوٹهے یهه داغ جگرپر اوٹهائے

جورِ فلک سے نازِ ستم گر اوٹهائے
اک گُل هزار داغ هین کیونکر اوٹهائے

خورشید چمکے کیا تیرے گالون کے سامنے
میلي خطِ شُعاع هے بالون کے سامنے

دعوی زبان کا لکهنؤ والون کے سامنے
شرمنده هون نه قافله والون کے سامنے

خدا کے سامنے جب قتل کا بیان هوا
بتون کے هاتهه کا خنجر میري زبان هوا

جب اوسکے خون رُلانے کا امتحان هوا
هنسا جو زخمِ جگر لهو لُهان هوا

وه مر مٹا هون که خود مٹیگا وُه گهس گِهس کر
نگین په بهي جو مرے نام کو نشان هوا

پسِ فنا بهي مکدّر دلي نه دور هوئي
جنون مین خاک زمانے بهریکي چهان هوا

گشاده دلکي گره کِس طرح هو پوچهینگے
جو شیشه گر کوئي کهولے هوے دُکان هوا

جو ناز کي په هوا بار سبزۂ رُخسار
عرق عرق وه نزاکت سے دهان پان هُوا

سوائے خدا هے بهروسا عليؑ کا
نصیري نهین پر هون بنده عليؑ کا

وه دل دے خدا جو هو شیدائے حیدر
وه آنکهین جو دکهلائین جلوه عليؑ کا

نه صورت په جا دیکهه حُسنِ معاني
نبي کي هے تصویر نقشه عليؑ کا
فقط اِک خُدا هي نه سُنتا تها اوسکي
پیمبر بهي پڑهتے تهے کلما عليؑ کا

تفاوت نهین دونون نورِ احد هین
نبي کے برابر هے رُتبه عليؑ کا

زَهے مرتبت همسر انبیا هے
خَهے منزلت دل هے کعبه عليؑ کا

الهي کِس بیگُناه کو مارا سمجهه کے قاتل نے گُشتني هے
که آج گُوچے مین اُسکے شور بائي ذنبِ قتلتني هے
غم جُدائي مین تیرے ظالم کِهون مین کیا مُجهه پر کیا بني هے
جگر گدازي هے سینه کاوي هے دِلخراشي هے جانکني هے

زمین په نورِ قمر کے گِرنے سے صاف اِظهارِ روشني هے
که هین جو روشنضمیر انکا فروغ انکي فروتني هے

بشر جو اِس تیره خاکدان مین پڑا یهه اُسکي فروتني هے
وگرنه قندیلِ عرش مین بهي اسي کے جلوے کي روشني هے

هُوئے هین تر گریه ندامت سے اِسقدر آستین و دامن
که میري تر دامني کے آگے عرق عرق پاکدامني هے

هوئے هین اِس اپني سادگي سے هم آشنا جنگ و آشتي سے
اگر نه هو یهه تو پهر کسي سے نه دوستي هے نه دشمني هے

عشق نے کیا یهه خراب همین
که هے اپنے سے اِجتناب همین

بسکه پرده نشین په مرتے هین
موت سے آئے هے حجِاب همین

کیسي حیرت سے اے سبکروحي
دیکهے هے دیدهٔ حباب همین

شبِ فرقت مین خاک جهپکے آنکهه
یاد هے چشمِ نیم خواب همین

وه جفا کش هین اے فلک که کِیا
اوس ستم گرنے انتخاب همین

دَم رُکے هے بهشت مین تو کوئي
اوس کے گهر لے چلو شِتاب همین

اے ناصحو آهي گیا فتنهٔ اَیام لو
همکو تو کهتے تهے بهلا اب تم تو دل کو تهام لو

مجنونِ محوِ یار هون سودے کا میرے کیا عِلاج
گر چاره سازو هوسکے تو فصد لیلیٰ فام لو

وه جو هم مین تم مین قرار تها تمهین یاد هو که نه یاد هو
وُهي یعني وعده نباه کا تمهین یاد هو که نه یاد هو

وه جو لُطف مُجهپه تهے بیشتر وه کرم که تها میرے حال پر
مُجهے سب هے یاد ذرا ذرا تمهین یاد هو که نه یاد هو

صدر کے بازار مین هے اِک دَبنگ
عارِ اَطبا و طبابت کا ننگ

شکل هے شیطان کي اور غوث نام
جگ مین هلاکو کا هے قائم مقام